F. 6-4 (Edit) /2014 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 04/06/2015

اردو صرف اور صرف ہندوستان کی زبان ہے: پدم شری مظفر حسین
میں اردو کے فروغ کی ہر ممکن کوشش کروں گا: پروفیسر ارتضیٰ کریم
قومی اردو کونسل میں نئے ڈائرکٹر کو استقبالیہ

نئی دہلی۔قومی اردو کونسل میں آج ایک استقبالیہ اور الودائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔قومی اردو کونسل کے صدر دفتر فروغ اردو بھون میں منعقدہ اس تقریب کی صدارت کونسل کے وائس چیئرمین پدم شری مظفر حسین نے کی۔اسسٹنٹ ڈائرکٹر انتظامیہ کمل سنگھ نے سبھی حاضرین کا استقبال کرتے ہوئے اپنے تجربات بتائے اور کہا کہ پرانے ڈائرکٹر کے ساتھ ہمارا بہت اچھا وقت گذرا ہے اور آج پروفیسر ارتضیٰ کریم صاحب نے نئے ڈائرکٹر کا عہدہ سنبھالا ہے۔ ہمارے لیے یہ خوشی کا موقع ہے۔ان کے آنے سے کونسل کا کام بہتر ڈھنگ سے انجام پائے گا۔ میں کونسل کی جانب سے ان کا استقبال کرتا ہوں۔کونسل کے وائس چیئرمین پدم شری مظفر حسین نے پھولوں کا گلدستہ دے کر ان کا استقبال کیا۔اس موقع پر وائس چیئرمین نے کونسل کے سابق ڈائرکٹر پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین کے کام کاج کی تعریف کرتے ہوئے نئے ڈائرکٹر سے ان کے کاموں کو مزید آگے بڑھانے کی درخواست کی اور کہا کہ مجھے امید ہے کہ نئے ڈائرکٹر کونسل کو مزید اونچائیوں سے ہمکنار کرائیں گے۔انھوں نے سابق ڈائرکٹر کی عالمی اردو کانفرنس منعقد کرانے کے لیے تعریف کی ساتھ ہی ٹکنالوجی سے اردو زبان کو ہم آہنگ کرنے کے لیے بھی ان کی ستائش کی۔انھوں نے کونسل کے نئے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب مل کر کونسل کو آگے لے جائیں گے اور اردو زبان و ادب کے فروغ کی نئی تاریخ رقم کریں گے۔اردو صرف اور صرف ہندوستان کی زبان ہے اور ہمیں اسے زیادہ سے زیادہ مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔کونسل کے وائس چیئرمین نے کونسل کے سابق ڈائرکٹر کو شال پیش کرتے ہوئے کہا کہ کونسل کو جب بھی ضرورت ہوگی ہم آپ کے تجربات سے مستفید ہونے کی کوشش کریں گے۔

اس موقع پر کونسل کے سابق ڈائرکٹر پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین نے وائس چیئرمین کی باتوں کو سند کا درجہ دیتے ہوئے کہا کہ ہمارے کاموں کی جس طرح سے وائس چیئرمین نے پذیرائی کی ہے وہ ہی میرا صلہ ہے،کونسل نے جو بھی مقام حاصل کیا ہے اس میں کونسل کے تمام ملازمین اور اسٹاف شامل رہے ہیں اور کونسل کی کامیابی کا سہرا یہاں کے اسٹاف کے سر جاتا ہے۔کونسل کے تمام اسٹاف نے نوکری یا ملازمت سے اوپر اٹھ کر جذباتی انداز میں کام کیا ہے اور رات دن محنت کی ہے۔انھوں نے نئے ڈائرکٹر کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ ان کے آنے سے کونسل کو نیا عروج عطا ہوگا۔

اس موقع پر کونسل کے نئے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے وائس چیئرمین پدم شری مظفر حسین کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ چھ مہینوں سے انھوں نے کونسل کی بہتری کی ہر ممکن کوشش کی ہے۔ میں اردو کا خادم ہوں اور اردو کے فروغ کی ہر ممکن کوشش کروں گا۔انھوں نے مزید کہا کہ کونسل کے چار ریجنل مراکز کی تجویز وزارت کو سونپی جائے گی تاکہ کونسل کے دائرہ کار کو پورے ملک میں وسعت اور رفتار دی جائے۔ پی ایچ ڈی اور ایم فل کے 50 ریسرچ اسکالرز کو وظائف دینے کا بھی منصوبہ ہے تاکہ اردو میں تحقیق کو بڑھاوا دیا جائے۔انھوں نے کونسل کے سابق ڈائرکٹر ڈاکٹر محمد حمیداللہ بھٹ کی بھی کونسل کی کامیابی کے لیے ستائش کی اور کہا کہ آج کونسل جس مقام پر ہے اس کے لیے ڈاکٹر محمد حمیداللہ بھٹ کی کوششوں سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔

اس تقریب میں کونسل کے تمام ملازمین کے ساتھ ساتھ میڈیا اور اخبارات کے نمائندے بھی موجود تھے۔تقریب کا اختتام راشٹر گان پر ہوا۔

(ڈاکٹر شمس اقبال)
پرنسپل پبلی کیشنز آفیسر